© rasailojaraid.com



کے اسلامی اُصولوں پر بحث کی ہے۔

**الدروس العربیۃ (الجزء الثانی)**
تالیف: مولانا عبید الحق صاحب
ناشر: المکتبۃ العلمیۃ۔ ۱۵۔ لیک روڈ۔ لاہور۔

مولانا عبید الحق صاحب اس ملک میں عربی زبان کی ترویج و اشاعت کے لیے جس قسم کی مخلصانہ کوشش کر رہے ہیں وہ یقیناً قابلِ صد ستائش ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اس مفید سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے نہایت سلجھے ہوئے انداز میں عربی زبان کے قواعد ذہن نشین کرائے ہیں۔ مصنّف چونکہ اس میدان میں کافی وسیع تجربہ رکھتے ہیں اس لیے اُنہوں نے اپنے اس کام کو بڑے سلیقے اور قرینے کے ساتھ کیا ہے۔

بعض مقامات پر کتابت کی غلطیاں ضرور کھٹکتی ہیں۔ مثلاً صفحہ ۴ پر اِنضاج کے معنی "پکنا" لکھے گئے ہیں حالانکہ اس کے صحیح معنی پکانا کے ہیں۔

**اقامتِ صلوٰۃ**
تالیف: مولانا عبدالحلیم قاسمی صاحب ناظمِ اعلیٰ جامعہ حنفیہ لاہور
شائع کردہ: شعبہ تبلیغ و اشاعت جامعہ حنفیہ

ھدیہ: مجلّد ایک روپیہ۔ غیر مجلّد بارہ آنے۔

صفحات: ۸۰

اس قابلِ قدر کتابچہ کے فاضل مصنّف دینی حلقوں میں ایک جانی پہچانی شخصیّت ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں اُنہوں نے اقامتِ صلوٰۃ کی اہمیّت، نماز کے شرائط، فرائض، واجبات، سنن اور دیگر ضروری مسائل کو نہایت آسان اور دلنشین انداز میں پیش کیا ہے۔

© rasailojaraid.com